# سبق-15

## غُبّارے والا






ایک بوڑھا غبّارے والا تھا جس کے لئے کھڑے رہنا بھی مشکل تھا۔ گرمی بہت سخت پڑ رہی تھی۔ آج اس کے غبارے بالکل نہیں بکے تھے۔ اچانک اسے دور سے آتی ایک موٹر گاڑی دکھائی دی وہ کھڑا ہونا ہی چاہ رہا تھا کہ اس کے دو غبّارے ہاتھ سے چھوٹ کر ہوا میں اُڑ گئے جنہیں وہ دیکھتا کا دیکھتا رہ گیا۔

موٹر کے پاس آتے ہی غبّارے والا چلّانے لگا غُبارے لے لو۔ بڑے بڑے رنگ برنگے غُبّارے نیلے پیلے لال ہرے غُبّارے۔

موٹر کچھ دور جا کر رک گئی۔ غبّارے والا موٹر کی طرف گرتا پڑتا بڑھنے لگا۔

موٹر سے جو آدمی اترا اس نے پوچھا۔

"بابا بہت تھک گئے ہو کیا "بوڑھا بولا " ہاں بابو جی پیٹ کے لئے محنت جو کرتا ہوں۔"



"بابا آج کتنے غبارے بیچے" اس نے پوچھا" آج تو ایک بھی نہیں بکا۔ آپ لے لیجئے بچوں کے لئے رنگ برنگے غبارے، کس کس رنگ کے دوں ؟ بولتے بولتے غُبّارے والے کا ہاتھ غبارا پکڑنے کے لئے اوپر اُٹھا۔

"ٹھہرو بابا ٹھہرو ! یہ سب غبارے کتنے کے ہیں؟" اُنہوں نے پوچھا۔

دس روپۓ کے بوڑھے نے جواب دیا ۔اور پسینہ پوچھنے لگا۔ پہلے والے شخص نے موٹر میں بیٹھے ہوئے آدمی سے تیس روپیہ لے کر بوڑھے کو دیدئے اور اس سے غباروں کا گچھا لیکر سارے کے سارے غبارے

آس پاس موجود بچوں میں بانٹ دیئے۔

غبارے والا بوڑھا خوش ہو کر دُعائیں دے رہا تھا ۔خدا تمہارا بھلا کرے۔ خدا تمہیں خوب لمبی عمر دے۔



اس طرح غبارے خرید کر بچوں میں بانٹ دینے والا معلوم ہے کون تھا؟ یہ تھے بچوں کے پیارے ''چاچا'' نہرو اورآزاد بھارت کے پہلے وزیر اعظم پنڈت جواہرلال نہرو۔جن کا یوم پیدائش **14**/نومبر ہے اس دن کو ہم ہر سال یومِ اطفال (بال دوس) کے نام سے مناتے ہیں۔

مشق اور سوالات

1۔ پڑھو اور سیکھو۔

غبارہ، بابو جی، رنگ برنگے، بوڑھا شخص، وزیر اعظم۔

2۔ یہ بات کس نے اور کس سے کہی ہے، بتایئے۔

(الف) آج تو ایک بھی نہیں بکا۔

(ب) یہ سب غُبّارے کتنے کے ہیں؟

(ج) خدا تمہیں لمبی عمر دے۔

(د) بابا بہت تھک گئے ہو کیا؟

3۔ بچوں کیا تم نے کبھی غبّارے پھلائے ہیں؟

4۔ غبّارے میں کیا بھرا جاتا ہے؟

5۔ کیا تم ہوا کو دیکھ پاتے ہو؟

6۔ غبّارے کے سوا اور کس چیز کو ہوا بھر کر پھیلایا جاتا ہے؟

7۔ بوڑھے کے ہاتھ سے چھوٹ کر غبّارے کیوں اُڑ گئے؟

8۔ چاچا نہرو کی تصویر کاغذ پر چپکا کر لاؤ۔

9۔ 14/نومبر کو ہم کیا مناتے ہیں؟

ہوا کے کھیل: (1) پھکنا ( غُبّارہ) پھُلانا۔ پھکنا نہ ہو تو پولی تھن کی تھیلی کام میں لے سکتے ہیں۔

( 2 ) کاغذ کی پھرکنی بناؤ اور ہوا کے رُخ پر رکھ کر اس کا گھومنا دیکھو۔

(3) پانی میں ہوا پھونک کر بلبلے بنانا۔

(4) صابن کے گھول سے غبارے پیدا کر کے اڑانا۔

(5) پین کے ڈھکن کو ہونٹ سے لگا کر سیٹی کی آواز نکالنا۔

(6) خالی بوتل پانی میں ڈبّا کر دیکھو کیا ہوتا ہے؟

(7) کاغذ کا ہوائی جہاز بنا کر اڑانا۔

(8) فُٹ بال میں ہوا بھری جائے تو وہ کیا کرتی ہے؟

(9) ایک گلاس کو پانی سے پورا بھر لو پھر اس پر ایک کاغذ اس طرح ڈھانک دو کہ اندر ہوا کا ایک بھی بلبلہ نہ رہے ۔اب گلاس کو اُلٹا کر دو ۔ پانی نہیں گرے گا یہ ہوا کا کرشمہ ہے۔